عدالت ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کی 110 ویں درخواست کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ثبوت کے بغیر الزام عائد کرنا سنگین نوعیت کا عمل ہے

عدالت نے کہا کہ ڈاکٹر کے خلاف درخواست میں کوئی ایسا مواد پیش نہیں کیا گیا جس سے ظاہر ہو کہ انہوں نے کسی ذاتی فائدے یا بدنیتی کی بنیاد پر کارروائی کی ہو۔ عدالت نے قرار دیا کہ محض الزامات کی بنیاد پر کسی سرکاری افسر کے خلاف کارروائی روکنا انصاف کے تقاضوں کے منافی ہوگا۔ عدالت نے درخواست گزار کو ہدایت کی کہ وہ اپنے الزامات کے حق میں کوئی ٹھوس شہادت پیش کرے۔ اس کے بعد ہی مقدمہ کی سماعت آگے بڑھائی جائے گی۔